پرچہ 1	گوجرانوالہ بورڈ 2023ء	مطالعہ پاکستان (لازمی)
کل نمبر: 40	کلاس نہم، دوسرا گروپ	وقت: 1:45 گھنٹے

(انشائی)

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے۔ حصہ دوم میں سے کوئی سے دو (2) سوالات کے جوابات لکھیے۔

حصہ اول

2 کوئی سے چھے (6) سوالات کے مختصر جوابات دیں: (6×2=12)

(i) قائدِ اعظم نے اقلیتوں کے حقوق کے بارے میں کیا فرمایا؟

(ii) توحید سے کیا مراد ہے؟

(iii) دوقومی نظریہ سے کیا مراد ہے؟

(iv) تحریکِ خلافت کے دو مقاصد تحریر کیجیے۔

(v) علامہ اقبالؒ نے خطبہ الٰہ آباد میں کیا فرمایا؟

(vi) کابینہ مشن پلان کے دو نمایاں پہلو لکھیے۔

(vii) لیاقت علی خان کو کب اور کہاں شہید کیا گیا؟

(viii) 1962ء کے آئین کی کوئی دو خصوصیات لکھیے۔

(ix) لیگل فریم ورک آرڈر 1970ء کے دو اہم نکات تحریر کیجیے۔

3 کوئی سے چھے (6) سوالات کے مختصر جوابات دیں: (6×2=12)

(i) دریائے سندھ کا میدان کن کن دریاؤں پر مشتمل ہے؟

(ii) سندھ طاس معاہدہ سے کیا مراد ہے؟

(iii) بتورا گلیشیئر کتنا لمبا ہے اور کہاں واقع ہے؟

(iv) رابطہ نہروں سے کیا مراد ہے؟

(v) تھل اور چولستان کے ریگستانی علاقوں میں پائے جانے والے چار جانوروں کے نام لکھیے۔

(vi) پاکستان میں بہت سی خواتین تشدد کے خلاف آواز کیوں نہیں اٹھاتیں؟

(vii) ڈاکٹر نفیس صادق کی دو خدمات بیان کیجیے۔

(viii) خواتین پر تشدد کی دو وجوہات لکھیے۔

(ix) معاشرے میں دہشت گردی کو کم کرنے کے دو اقدامات تحریر کیجیے۔

حصہ دوم

4 قائداعظم محمد علی جناحؒ کے ارشادات کی روشنی میں نظریہ پاکستان کا احاطہ کیجیے۔ (8)

5 مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے اسباب مفصل تحریر کیجیے۔ (8)

6 درج ذیل پر نوٹ لکھیے۔

(الف) پاکستان کا محلِ وقوع (4)

(ب) جنگلات کی اہمیت (4)

www.ilmkidunya.com